© rasailojaraid.com



## اخبار الاحرار

### اسلام ہی پاکستان کا مقدر ہے۔ سیکولر نظام نہیں چلنے دیں گے
### دنیا کی تمام طاغوتی قوتیں مل کر بھی اسلامی افغانستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں
### حکومتِ پاکستان، افغانستان کے بارے میں صحیح پالیسی اپنائے (سید کفیل بخاری)

کراچی (شفیع الرحمٰن احرار) مجلس احرار اسلام کے مرکزی نائب ناظم سید محمد کفیل بخاری نے امریکہ کی طرف سے افغانستان پر اقتصادی پابندیوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسی ذلیل اور گھٹیا حرکتیں طالبان کو دینی مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹا سکتیں۔ امیر المؤمنین کی مثالی دینی استقامت نے یہود و نصاریٰ کے عزائم خاک میں ملا دیئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی میں احرار کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ امریکہ اور اس کے ہمنوا تمام کفار مل کر بھی طالبان کو شکست نہیں دے سکے۔ اس لیے کہ وہ اخلاصِ نیت کے ساتھ نفاذ دین کے لیے جہاد کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی مدد اُن کے شاملِ حال ہے۔ انہوں نے کہا کہ طالبان کی کامیابیاں حُدود اللہ کے نفاذ اور امیر المؤمنین کی اطاعت کا نتیجہ ہے۔

انہوں نے کہا کہ حضرت امیر المؤمنین کا مقصد اسلامی حکومت کے استحکام کے سوا کچھ نہیں اس لیے دنیا کی تمام طاغوتی قوتیں مل کر بھی ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں۔ انہوں نے پاکستان کی موجودہ حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ افغانستان کے بارے میں اپنی پالیسی واضح کرے۔ پاکستان کے عوام کی اکثریت طالبان کے اسلامی انقلاب کو قدر اور تحسین کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اس انقلاب کی برکت سے عوام میں دین سے لگاؤ بڑھ رہا ہے اور جذبہ جہاد میں شدت پیدا ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کی امنگوں کے مطابق طالبان کی مکمل اخلاقی و سیاسی حمایت کی پالیسی اپنائے۔ اگر ہماری خارجہ پالیسی امریکہ کے تابع رہی تو اس کے نتائج ہر حال میں ملک کے لیے نقصان دہ ہوں گے۔ سابقہ ادوارِ حکومت میں ہم اس کا مشاہدہ کر چکے ہیں اور سزا بھی بھگت چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام ہی پاکستان کا مقدر ہے۔ یہاں کوئی سیکولر نظام نہیں چلنے دیا جائے گا۔

اجلاس میں پنجاب کے احرار رہنما میاں محمد اویس نے خصوصی طور پر شرکت کی جو کہ سید محمد کفیل بخاری کے ہمراہ تنظیمی دورہ پر کراچی تشریف لائے۔ انہوں نے کراچی کے احبابِ جماعت پر زور دیا کہ وہ کوشش کر کے جلد از جلد کراچی میں جماعت کا اپنا مرکز بنائیں۔ کراچی کے احرار رہنما مولانا احتشام الحق، مولانا عبدالصمد احرار، شفیع الرحمٰن، محمود احمد، قاری علی شیر، حافظ عنایت اللہ اور حافظ ریاض احمد بھی اجلاس میں موجود تھے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# روس چیچنیا میں مسلمانوں پر مظالم بند کرے

## انسانی حقوق کے نام نہاد ٹھیکیدار چیچنیا میں مظالم پر گونگے شیطان بنے ہوئے ہیں

**امریکہ، بھارت کے ذریعے برصغیر پر اپنی بالادستی چاہتا ہے۔ اسے ناکامی ہوگی۔ (سید محمد کفیل بخاری)**

کراچی (شفیع الرحمن احرار) روس چیچنیا میں مسلمانوں پر مظالم بند کرے۔ انسانی حقوق کے تحفظ کے نام نہاد ٹھیکہ دار گونگے شیطان بنے ہوئے ہیں ان خیالات کا اظہار مجلس احرار اسلام کے نائب ناظم سید محمد کفیل بخاری نے کراچی کے آٹھ روزہ تنظیمی دورہ میں جامع مسجد عثمانیہ بفرزون، مدرسہ سیف الاسلام کھنڈو گوٹھ اور دفتر احرار شادمان میں مختلف اجتماعات میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ روس افغانستان میں اپنی تاریخی شکست سے عبرت حاصل کرے۔ سوویت یونین تو پہلے ہی ٹکڑے ٹکڑے ہو چکی ہے اب چیچنیا اُس کا قبرستان بنے گا۔ سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ چیچنیا کے معصوم بچوں اور خواتین کو قتل کر کے مسلمانوں کی نسل ختم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ امریکہ اور اس کے ہمنوا تماش بین ظالموں کو انسانیت کا یہ قتل اور مظالم کیوں نظر نہیں آتے۔ انسانی حقوق کی سب سے زیادہ توہین اقوامِ متحدہ میں ہو رہی ہے۔ امریکہ و برطانیہ کی امداد سے چلنے والی این جی اوز کا کردار بھی انسانیت کش ہے۔ یہ تمام ادارے یہود و نصاریٰ کا مال کھا کر انہی کے مفادات کے لیے کام کر رہے ہیں۔ سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ چیچنیا، بوسنیا اور کشمیر کے مسلمانوں کی مدد تمام مسلمانوں کا فریضہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبی علیہ السلام کے حکم کے مطابق جہاد قیامت تک جاری رہے گا۔ مسلمان اس فریضہ کو چھوڑ کر ناکام ہوئے اور جہاں جہاد جاری ہوا وہاں کامیابیوں نے مسلمانوں کے قدم چومے۔ انہوں نے کہا کہ جہاد کا مقصد حکومت الٰہیہ کا قیام ہے۔ اس کے سوا دین میں جہاد کا کوئی اور مفہوم نہیں۔ جہاد کی مخالفت کرنے والے مسلمان نہیں منافق ہیں۔ سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ امریکہ، بھارت کے ذریعے برصغیر پر اپنی بالادستی چاہتا ہے۔ مسلمان اس سازش کو ہر صورت میں ناکام بنا دیں گے۔ ہم کسی یہودی و عیسائی کی بالادستی قبول نہیں کریں گے۔

یوم باب الاسلام کی ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محمد بن قاسم نے جہاد کے ذریعے ہی سندھ کو باب الاسلام بنایا۔ محمد بن قاسم اس خطہ کے مسلمانوں کا محسن تھا۔ اُسے ڈاکو اور غاصب کہنے والے خود بدمعاش، ڈاکو اور لٹیرے ہیں۔ راجہ داہر جیسے زانی و شرابی کی حمایت میں بولنے والے اسی کے فکری و روحانی فرزند ہیں۔ سید محمد کفیل بخاری نے دفتر ہفت روزہ ضربِ مؤمن کا دورہ بھی کیا۔ اور محترم مفتی عبدالرحیم صاحب سے ملاقات کی۔ انہوں نے الرشید ٹرسٹ اور ضربِ مؤمن کی جہادی خدمات پر انہیں زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## امیر احرار ابنِ امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم

۲۸ شعبان المعظم ۱۴۲۰ھ ۸ دسمبر ۱۹۹۹ء تا ۷ رمضان المبارک، ۱۶ دسمبر چناب نگر (ربوہ) میں قیام

۸ رمضان المبارک خطبۂ جمعہ دارِ بنی ہاشم ملتان

۱۰ رمضان المبارک، خطاب تقریب ختمِ قرآن برمکان، حافظ محمد فاروق صاحب پاک گیٹ ملتان

۱۵ رمضان المبارک خطبۂ جمعہ دارِ بنی ہاشم ملتان

۱۷ رمضان المبارک جامع مسجد دارِ بنی ہاشم میں آپ نے نماز تراویح میں تلاوت قرآن کریم مکمل فرمائی

۱۸ رمضان المبارک چیچاوطنی، ۱۹ چناب نگر، ۲۲ خطبۂ جمعہ، مسجد احرار چناب نگر

۲۹ رمضان المبارک ۷ جنوری ۲۰۰۰ء خطبۂ جمعہ، مسجد احرار چناب نگر

خطاب اجتماعِ عید الفطر مسجد احرار چناب نگر

۱۴ جنوری خطبۂ جمعہ دارِ بنی ہاشم ملتان، ۱۶ تا ۲۰ جنوری قیام دفتر احرار لاہور اور مختلف تقاریب میں شرکت

۲۱ جنوری خطبۂ جمعہ، دارِ بنی ہاشم ملتان

## حضرت مولانا محمد اسحٰق سلیمی مدظلہ (ناظم اعلیٰ مجلس احرار اسلام)

۱۴ تا ۱۹ رمضان المبارک قیام مسجد احرار، چناب نگر

۱۵ رمضان المبارک، خطبۂ جمعہ مسجد احرار چناب نگر

اخیر عشرۂ رمضان المبارک قیام مدرسۃ العلوم الاسلامیہ گڑھا موڑ

## سید محمد کفیل بخاری (نائب ناظم مجلس احرار اسلام)

۲۲ شعبان ۱۴۲۰ھ، ۲ دسمبر ۱۹۹۹ء خطاب در اجتماع بیاد سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ، جامع مسجد کرنالوی قاسم بیلہ ملتان

۴ دسمبر خطاب در جلسہ بیاد امیر احرار حضرت سید عطاء المحسنؒ بخاری، مسجد سنیاراں والی ملتان

یکم رمضان المبارک، ۱۰ دسمبر ۱۹۹۹ء خطبۂ جمعہ دارِ بنی ہاشم ملتان

۳ تا ۱۱ رمضان المبارک تنظیمی دورہ کراچی، ہمراہ محترم میاں محمد اویس (رکن مرکزی مجلس شوریٰ) محترم سید محمد طلحہ گیلانی اور محترم محمود احمد صاحب کے ہاں قیام

۷ رمضان المبارک مولانا عبدالرشید انصاری اور مولانا اکرام الخیری سے ملاقات

۸ رمضان خطبۂ جمعہ جامع مسجد عثمانیہ، بفر زون کراچی و ملاقات مولانا چراغ الاسلام

۹ رمضان حضرت مولانا فداء الرحمٰن درخواستی مدظلہ سے جامعہ انوار القرآن کراچی میں ملاقات

۹ رمضان، حضرت مولانا عبدالواحد صاحب مدظلہ سے جامعہ حمادیہ کراچی میں ملاقات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۰ رمضان المبارک، مدرسہ عربیہ سیف الاسلام کراچی میں تقریب ختمِ قرآن میں شرکت اور اجتماع سے خطاب

۱۱ رمضان المبارک، ۲۰ دسمبر واپسی ملتان

۲۰ رمضان المبارک، خطاب تقریب ختمِ قرآن کریم، حافظ محمد عثمان، حافظ محمد فاروق صاحب پاک گیٹ ملتان

۲۲ رمضان المبارک خطبۂ جمعہ دارِ بنی ہاشم ملتان

۲۳ رمضان المبارک، خطاب تقریب ختمِ قرآن کریم حافظ محمد علی صاحب لاہور

۲۴ رمضان المبارک، خطاب، تقریب ختمِ قرآن کریم حافظ محمد فاروق، دفتر احرار (مدرسہ معمورہ) لاہور

۲۴ رمضان المبارک، شرکت اجلاس کارکنانِ احرار، مغلپورہ لاہور

۲۷ رمضان المبارک، خطبات تقاریب ختمِ قرآن، مسجد نور ملتان، مسجد ابوسفیان بستی سیالاں ملتان

۲۸ رمضان المبارک۔ خطاب تقریب ختمِ قرآن حافظ نجم الحق، جامع مسجد میراں پور میلسی

۲۸ رمضان، درس قرآن جامع مسجد گڑھا موڑ میلسی

۲۹ رمضان المبارک خطبۂ جمعہ دارِ بنی ہاشم ملتان

خطاب اجتماعِ عید الفطر۔ دارِ بنی ہاشم ملتان

۱۶ تا ۲۰ جنوری ۲۰۰۰ء قیام دفتر احرار، لاہور

## مولانا محمد مغیرہ (مرکزی مبلغ ورکن شوریٰ)

۸ رمضان المبارک۔ خطبۂ جمعہ، مسجد احرار چناب نگر

۱۵ رمضان المبارک۔ خطبۂ جمعہ جامع مسجد مدرسۃ العلوم الاسلامیہ گڑھا موڑ

۲۱ رمضان المبارک۔ خطاب تقریب ختمِ قرآن حافظ محمد اکرم، میراں پور میلسی

۲۲ رمضان خطبۂ جمعہ مسجد ختمِ نبوت نواں چوک گڑھا موڑ، میلسی

## سود کے خلاف سپریم کورٹ کا فیصلہ عوام کی صحیح اور مکمل ترجمانی ہے

### حکمران، جمہوریت اور سود کے لعنتی کفریہ نظاموں کو ختم کر کے اسلامی نظام کے نفاذ کا اعلان کریں

(غلام حسین احرار)

مجلس احرار اسلام ڈیرہ اسمٰعیل خان کے امیر غلام حسین احرار نے ایک بیان میں کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے فل بنچ نے شریعت بنچ کے سود کے خلاف فیصلہ کو بحال رکھتے ہوئے جو تاریخی فیصلہ دیا ہے وہ پاکستان میں نفاذِ اسلام کے عمل میں سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے سپریم کورٹ کے فل بنچ میں شامل

© rasailojaraid.com

باقی صفحہ پر دیکھیں